قرآن میں نماز کا طریقہ

1) **ذکرِ نماز:** اے میرے پروردگار، مجھے نماز قائم کرنے والا بنا ... میری دعا قبول کر۔ (14:40)

2) **ذکرِ نماز:** نماز قائم کرو۔ (2:43)

3) **ذکرِ نماز:** ...فاسق لوگ... (9:53) ... نماز کے لیے آتے ہیں تو سستی سے آتے ہیں... (9:54)

وضو، جنابت کی حالت اور تیمم

4) **ذکرِ نماز:** جب تم نماز کے لیے اُٹھو تو چاہیے کہ اپنے منہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھولو، سروں پر مسح کر لو اور پاؤں ٹخنوں تک دھولیا کرو (5:6)

5) **ذکرِ نماز:** ...جنابت کی حالت میں ہو تو نہا کر پاک ہو جاؤ... (5:6) (4:43)

6) **ذکرِ نماز:** ...پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے کام لو... (5:6) (4:43)

7) **ذکرِ نماز:** (اللہ کا احترام) میں ہی تیرا رب ہوں، جوتیاں اتار دے ... (20:12)

THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

قبلہ: خانہ کعبہ

8) ذکرِ نماز: (خانہ کعبہ) کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرو (2:144)

9) ذکرِ نماز: ...وہیں سے اپنا رُخ مسجدِ حرام کی طرف پھیر دو، کیونکہ یہ تمہارے ربّ کا بالکل برحق فیصلہ ہے... (2:149)

10) ذکرِ نماز: اور جہاں سے بھی تمہارا گزر ہو، اپنا رُخ مسجدِ حرام ہی کی طرف پھیرا کرو، اور جہاں بھی تم ہو، اُسی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو... (2:150)

11) ذکرِ نماز: اس طرح کھڑے ہو جیسے فرماں بردار غلام کھڑے ہوتے ہیں (2:238)

12) ذکرِ نماز: اپنی نماز نہ بہت زیادہ بلند آواز سے پڑھو اور نہ بہت پست آواز سے، ان دونوں کے درمیان اَوسط درجے کا لہجہ اختیار کرو۔ (17:110)

13) ذکرِ نماز: (اس آیت کا موضوع تو کچھ اور ہے لیکن اس میں امامت کا بھی ذکر ہے۔) (4:102)

14) ذکرِ نماز: نماز سے مدد لو (2:45)

نماز کی پابندی

15) ذکرِ نماز: جب اس (انسان) پر مصیبت آتی ہے تو گھبرا اُٹھتا ہے اور جب اسے خوشحالی نصیب ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے۔ مگر وہ لوگ جو نماز پڑھنے والے ہیں، جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں... (70:21 -70:23)

16) ذکرِ نماز: نماز درحقیقت ایسا (1) فرض ہے جو (2) پابندئ وقت کے ساتھ اہلِ ایمان پر (3) لازم کیا گیا ہے۔ (4:103)

17) ذکرِ نماز: جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کی یاد سے اور اقامتِ نماز و ادائے زکوٰۃ سے غافل نہیں کر دیتی... (24:37)

18) ذکرِ نماز: نماز اُس وقت پڑھنی چاہیے جب تم جانو کہ کیا کہہ رہے ہو (4:43)

THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

نماز کی حفاظت

19) ذکرِ نماز : اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ لوگ عزّت کے ساتھ جنّت کے باغوں میں رہیں گے۔(70:35)،(70:34)

20) ذکرِ نماز : یقیناً فلاح پائی... جو اپنی نماز میں خشوع اختیار کرتے ہیں... اپنی نمازوں کی محافظت کرتے ہیں... یہی لوگ وہ وارث ہیں جو میراث میں فردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔(23:11) - (23:1)

21) ذکرِ نماز : نمازوں کی نگہداشت رکھو(2:238)

نماز اللہ کے لیے

22) ذکرِ نماز : اپنے رب کی رضا کے لیے.... نماز قائم کرتے ہیں (13:22)

23) ذکرِ نماز : رب ہی کے لیے نماز (108:2)

24) ذکرِ نماز : ...میری نماز... اللہ رب العالمین کے لیے ہے (6:162)

نماز اللہ کی یاد کے لئے قائم کریں

25) ذکرِ نماز : میری یاد کے لیے نماز قائم کر(20:14)

26) ذکرِ نماز : اللہ کو اُس طریقے سے یاد کرو، جو اس نے تمہیں سکھا دیا ہے، جس سے تم پہلے ناواقف تھے ... (2:239)

27) ذکرِ نماز : (اللہ کو یاد کرنے کا طریقہ): اور اپنے رب کو صبح و شام یاد کیا کرو دل ہی دل میں زاری اور خوف کے ساتھ اور زبان سے بھی ہلکی آواز کے ساتھ... (7:205)

گھر والوں کو نماز کی تلقین کرو

28) ذکرِ نماز : اپنے اہل و عیال کو نماز کی تلقین کرو... (20:132)

29) ذکرِ نماز : وہ اپنے گھر والوں کو نماز... کا حکم دیتا... (19:55)

THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

30) ذکرِ نماز : نماز قائم کر... یہ وہ باتیں ہیں جن کی بڑی تاکید کی گئی (31:17)

31) ذکرِ نماز: ...جنہوں نے نماز کو ضائع کیا... پس قریب ہے کہ وہ گمراہی کے انجام سے دوچار ہوں (19:59)

32) ذکرِ نماز : تباہی ہے اُن نماز پڑھنے والوں کے لیے جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں۔ (107:5) - (107:4)

33) ذکرِ نماز: نماز قائم کرو، یقیناً نماز فحش اور بُرے کاموں سے روکتی ہے... (29:45)

34) ذکرِ نماز: ...جو لوگ... نماز قائم کریں... ان کے لیے... خوف اور رنج کا موقع نہیں (2:277)

35) ذکرِ نماز: میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نے نماز قائم رکھی... تو یقین رکھو کہ میں تمہاری بُرائیاں تم سے زائل کردوں گا... (5:12)

36) ذکرِ نماز : نماز قائم کرو... امید ہے کہ تم پر رحم کیا جائے گا (24:56)

نمازِ جمعہ

37) ذکرِ نماز : ...جب پکارا جائے نماز کے لیے جمعہ کے دن تو اللہ کے ذِکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔ (62:9)

38) ذکرِ نماز : پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو... (62:10)

39) ذکرِ نماز : (نماز کے دوران دعا کی جا سکتی ہے اور اللہ سے مکالمہ بھی) (3:41) - (3:38)

40) ذکرِ نماز : (عورتیں جماعت کا حصہ بنیں) (3:43)

41) ذکرِ نماز : رات کو تہجد پڑھو، یہ تمہارے لیے فضل ہے... تمہارا رب تمہیں مقامِ محمود پر فائز کردے (17:79)

اوقاتِ نماز

42) ذکرِ نماز : (ظہر کا ذکر) (17:78)

43) ذکرِ نماز : (فجر، مغرب اور عشاء کا ذکر) (11:114)

44) ذکرِ نماز : (عصر کا ذکر) (2:238)

THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

45) ذکرِ نماز : نمازِ جنازہ کا ذکر (9:84)

بدامنی کی حالت میں جس طرح ممکن ہو نماز پڑھیں

46) ذکرِ نماز : بدامنی کی حالت ہو تو... جس طرح ممکن ہو نماز پڑھو ... (2:239)

47) ذکرِ نماز : نماز میں اختصار کر دو جبکہ تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ستائیں گے... جب اطمینان نصیب ہو جائے تو پوری نماز پڑھو...(4:101)-(4:103)

THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org